**18/02/2026**

**7.40 PM**

***........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ہاتھوں کٹرہ میں31کروڑ51لاکھ روپے سے تعمیر ہونے والے شری شنکر اچاریہ مندر کا سنگ بنیاد .**

***.... جموں میں قانون ساز اسمبلی اجلاس خوش اسلوبی سے جاری // متعدد ارکان نے عوا می نوعیت کے معاملات کو کیا اجا گر .**

***....... جمونکشمیر کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کرکٹ ٹورنا منٹ کے فائنل میں داخل // لیفٹنٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کی ٹیم کو مبارکباد.**

**<u>وزیر اعظم</u>**

**امپیکٹ سمٹ کے حاشیے پر کئی عالمی AI وزیر اعظم نریند رمودی نے آج نئی دلی میں انڈیا لیڈروں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں منعقد کیں. انہوں نے حیدر آباد ہاؤس میں آج صبح سپین کے صدر Pedro Sanchez کے ساتھ ملاقات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی رشتوں کو اعلیٰ معیار تک پہنچانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا. انہوں نے فن لینڈ کے وزیر اعظم ، سربیا کے صد ر ، کروشیا کے  وزیر اعظم کے ساتھ بھی ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا.**

**کے ساتھ بھی سیر حاصل بات چیت Pichai سُندرCEO اس سے پہلے وزیر اعظم نے گوگل کے کی .**

**<u>توسیعAI</u>**

**امپیکٹ ایکسپومیں ایک دن کی توسیع کرکے اسے رواں AI حکومت نے انڈیا مہینے کی 21تاریخ تک جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے. نئی دلی میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے الیکٹرانک اور انفارمیشن کے سیکریٹری ایس کرشنن نے کہاکہ یہ فیصلہ نمائش کاروں ، اختراع کاروں اور عام لوگوں کی بڑھتی دلچسپی کے تناظر میں لیا گیا . انہوننے کہا کہ 20اور21تاریخ کو یہ نمائش رات8بجے تک جاری رہے گی.**

**<u>ایل جی کٹرہ</u>**

**لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کٹرہ میں شری ماتادیوی استھاپن کے نزدیک شری شنکر اچاریہ مندر کا سنگ بنیاد رکھا . اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ مندر کمپلیکس پر کل31کروڑ 51لاکھ روپے صرف کئے جائیں گے جس کا پورا خرچہ شری ماتا ویشنو دی شرائن بورڈ برادشت کرے گا .انہوننے کہا کہ لوگوں کو ایک لمبے عرصے سے اس مند ر کی تعمیر کا انتظار تھا . اس موقعے پر ایل جی نے ریاسی اور اس کے ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کار خانہ**

داروں اور سیلف ہیلپ گروپوں کے ساتھ بھی بات چیت کی۔اس موقعے پر اپنے خبطے میں ایل جی نے کہا۔

*........اب پیش ہیں جموں کشمیر کے ایوان اسمبلی سے اہم خبریں۔

**اسمبلی**

جموں میں قانون ساز اسمبلی کا اجلاس جاری ہے اور آج بھی متعدد ارکان اسمبلی نے عوامی نوعیت کے معاملات ایوان میں اجا گر کئے اور متعلقہ وزیروں سے جوابات طلب کئے ۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے تنویر صادق کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاؤن ٹاؤن سرینگر اور ضلع کی دیگر سڑکونپر ٹریفک کی گنجانیت کو کم کرنے کیلئے کئی سڑک پروجیکٹوں اور کاریڈورز پر کام جاری ہے۔

اس موقعے پر مبارک گل اور شمیمہ فردوس نے ضمنی سوالات پوچھے۔نائب وزیر اعلیٰ نے پیر زادہ فاروق احمد شاہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ پٹن حلقے میں دو صنعتی اسٹیٹس قائم کئے جا رہے ہیں۔

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے رندھیر سنگھ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ سب ڈسٹرکٹ اسپتال سندر بندی میں 50بستروں پر مشتمل اضافی بلاک اور ڈائیلیسز یونٹ قائم کرنے کے پروجیکٹوں پر کام جاری ہے۔

تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ڈاکٹر سنیل بھردواج کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ بھدرواہ ،کشتواڑ، ادھمپور ، ریاسی ، رام نگر ، کھٹوعہ او رپونچھ اضلاع میں جموں یونیورسٹی کے آف سائٹس کیمپسز میں بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کی طرف حکومت توجہ دے رہی ہے ۔ اس موقعے پردلیپ سنگھ پریہار، آر ایس پٹھانیہ، بلونت سنگھ منکوٹیہ اور شکتی راج پریہار نے ضمنی سوالات پوچھے۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے درشن کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاہے کہ بسوہلی حلقے کے دیہی اور شہری علاقوں میں پینے کے پانی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے حکومت کئی اقدامات کر رہی ہے۔

زراعت کے وزیر جاویداحمد ڈار نے خورشید احمد کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گلاب گڑھ حلقے میں اس وقت17ویٹنری سینٹر اور 21شیپ ایکسٹینشن سینٹر کام کر رہے ہیں ۔

دریں اثنا وزیر موصوف نے عبدالمجید بٹ لارمی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیر بھر میں تمام انتظامی یونٹس کے حدود کو2021کا سینسس مکمل ہونے تک منجمند کیا گیا ہے۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے اعجاز احمد جان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ جموں کشمیرکے ہر ایک حلقے میں رواں مالی سال کے دوران کم سے کم50سولر سٹریٹ لائٹس فراہم کی جا رہی ہیں ۔ا س موقعے پر نذیر احمد گریزی اور میر سیف اللہ نے ضمنی سوالات پوچھے۔

**<u>عمر مطالبہ</u>**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج 13مطالبے اور 19ضمنی مطالبے قانون ساز اسمبلی مینپیش کئے، جنہیں اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے فوری طور سے ایوان مینبحث کیلئے پیش کئے۔ان پر آج اور کل بحث ہوگی اور کل ہی بعد دوپہر وزیر اعلیٰ ان کا جواب دیں گے اور مطالبات زر کو زبانی ووٹ سے پاس کیا جائےگا۔**

**<u>صدر جمہوریہ</u>**

**صدر جمہوریہ درو پدی مرموجو مسلح افواج کی سپریم کمانڈر بھی ہیں نے آج وشاکھا کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے عالمی Review 2026 پٹنم کے ساحل پر انٹر نیشنل فلیٹ صلاحیت کو اجا گر کیا ۔ تقریب سے خطاب کرتے Maritime نیول اشتراک میں بھارت کی بڑھتی ہوئے صدر جمہوریہ نے مختلف ملکوں کے ما بین ایک موزون ساحلی آڈر وجود میں لانے کیلئے یکجہتی ، اعتماد اور مشترکہ ذمہ داری کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی ۔**

**<u>روزہ</u>**

**آج ماہ شعبان المعظم کی 29تاریخ ہے۔اگر چہ رمضان المبارک کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی ابھی تک کوئی اطلاع نہیں ملی ہے تاہم یہ بات طے ہے کہ کل یا جمعتہ المبارک کو پہلا روزہ ہوگا۔روزوں سے انسان کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس بارے میں سکمز صورہ میں انٹرنل میڈسن اور پلمنالوجی شعبے کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر سید مدثر قادری نے کہا۔**

**واضح رہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر سے رمضان کے پورے مہینے میں اس مقدس مہینے کی اہمیت اور انسانیت کے دیگر پہلوؤں سے متعلق روزانہ کی بنیاد پر ایک خصوصی کیپشول نشر کرے گا۔**

**<u>عمر رمضان</u>**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ماہ صیام کی آمد پر جمونو کشمیر کے لوگوں کو مبارک باد دی ہے۔اپنے مبارکبادی کے پیغام میں انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس مقدس مہینے کے دوران عالم انسانیت کی سر بلندی اور بقا بالخصوص جمونو کشمیر کی خوشحالی اور ترقی کےلئے دعا کریں۔**

**انہوننے کہا کہ اس مہینے کے دورا ن صاحب ثروت لوگوں کو ضرورت مند وں کی مدد کرنی چاہئے۔**

**درخشاں مبارک**

جمونو کشمیروقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے مقدس رمضان المبارک کی شروعات پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک پیغام میں انہوننے دعا کی کہ یہ مہینہ ہم سب کےلئے امن و امان اور شاد مانیوں کی نوید لے کر آئے۔ انہوننے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ اس مہینے کے دوران ناداروں ، مسکینوں اور غربا کا خاص خیال رکھیں۔ وقف بورڈ کے ممبر ڈاکٹر غلام نبی حلیم نے بھی لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

**فاروق مبارک**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور پارٹی کے دیگر لیڈروں نے بھی عظمت سے پُر ماہ صیام کی شروعات پر مسلمانوں کو مبارکباد دی ہے۔

ایک مشترکہ پیغام میں انہوننے کہا کہ لوگوں کو صدقات اور خیرات کر کے غریبوں اور محتاجوں کی مدد کرنی چاہئے۔ انہوننے لوگوں کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**التجا مفتی**

PDP لیڈر التجا مفتی نے ماہ صیام کا مقدس مہینہ شروع ہونے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے امیدظاہر کی کہ اس مہینے کی بدولت ہمارے دل صبر، شکر اور برکات جیسی فضیلتوں سے سر شار ہو جائیں۔

جنتا دل یونائٹیڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی ماہ صیام کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

**سحری پروگرام**

ماہ رمضان کے پیش نظر آکاشوانی سرینگر سے خصوصی سحری پروگرام صبح4بجکر45منٹ سے5بجکر 50منٹ تک نشر ہو گا۔

اسی طرح خصوصی افطاری ٹرانسمیشن کا وقت شام6بجکر 15منٹ سے6بجکر30منٹ تک رہے گا۔

**اطلاع**

سامعین!ہمارے خبروں کے بلٹینز کے حوالے سے ایک ضروری اطلاع:۔

ماہ رمضان کے دوران ہمارے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین شام 5بجکر50منٹ کے بجائے 5بجکر45منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

اسی طرح سے شام 6بجکر25منٹ پر نشر ہونے والا کشمیری خبروں کابلٹین اس ایک مہینے کے دوران شام 5بجکر55منٹ سے 6بجکر10منٹ تک نشر ہوا کرے گا۔

## رانجی ٹرافی

جموں کشمیر کرکٹ ٹیم پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کرکٹ ٹورنا منٹ کے فائنل میں پہنچ گئی ہے ۔ اس ٹیم نے بنگال کرکٹ اکیڈمی گراؤنڈ میں کھیلے گئے سیمی فائنل میں بنگال کے خلاف ایک تاریخی جیت درج کی ۔

اس میچ کی خاص بات یہ رہی ہے کہ جموں کشمیر کے آل راؤنڈر کھلاڑی عاقب نبی نے میچ میں 9وکٹس حاصل کئے اور انہیں مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

فائنل میچ میں جموں کشمیر کا مقابلہ کرناٹک کی ٹیم سے ہوگا اور یہ میچ 24فروری سے 28فروری تک کھیلا جائےگا۔

## ایل جی مبارکباد

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے رانجی ٹرافی کا سیمی فائنل جیتنے اور پہلی مرتبہ اس ٹورنا منٹ کے فائنل میں داخل ہونے پر جموں کشمیر کی کرکٹ ٹیم کو مبارکباد ی ہے۔

مبارکبادی کے اپنے پیغام میں ایل جی نے کہا کہ اس جیت سے جموں کشمیرسپورٹنگ تاریخ کے ایک سنہری دور میں داخل ہوا ہے ۔ انہوننے کہاکہ پورے جموں کشمیر کے لوگوں کو ٹیم کی اس بے مثال کار کردگی پر فخر حاصل ہے۔ انہوننے فائنل میچ کیلئے ٹیم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## عمرمبارکباد

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پہلی مرتبہ رانجی ٹرافی کا سیمی فائنل میچ جیتنے کیلئے جموں کشمیر کی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔مبارکبادی کے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہاکہ اس جیت سے ٹیم کی لگن ، محنت اور نظم و ضبط کی عکاسی ہوتی ہے جس سے یقینی طور پر جموں کشمیر میں سپورٹنگ کلچر کو فروغ حاصل ہوگا۔ انہوننے ٹیم کے کپتان پارس ڈوگرہ کورانجی ٹرافی میں دس ہزار سے زائد رن بنانے نیز عاقب نبی کواس میچ میں 9وکٹیں حاصل کرنے پر مبارکباد دی ہے۔

## اسمبلی مبارکباد

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر اور ایوان کے دیگر ارکان نے رانجی ٹرافی کرکٹ ٹورنا منٹ میں ایک نئی تاریخ رقم کرنے اور پہلی مرتبہ اس ٹورنا منٹ کے فائنل میچ تک پہنچنے کیلئے جموں کشمیر کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے ۔ اسپیکر موصوف نے کھلاڑیوں ، کوچنگ عملے او ر سپورٹ ٹیم کو بہترین کار کردگی دکھانے کیلئے مبارکباد

دی۔انہوننے امید ظاہر کی کہ ٹیم اسی رفتار کو برقرار رکھتے ہوئے فائنل میچ کو بھی اپنے نام کرے گی ۔

**پرویز رسول**

ادھر جموں کشمیر میں کرکٹ ٹیم کی اس جیت سے عام لوگوں بالخصو ص کرکٹ کھلاڑیوں اور شائقین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے ۔ جموں کشمیر کے سابق نامور کھلاڑیوننے ٹیم کی اس بہترین کار کردگی کیلئے ستائش کی ہے ۔جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ایک معروف کرکٹ کھلاڑی پرویز رسول نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے اس کامیابی کے بارے میں اپنے تاثرا ت کا یوں اظہا ر کیا۔

**محبوبہ کرکٹ**

پی ڈی پی صدر اور سابقہ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے رانجی ٹرافی کے فائنل میچ میں پہلی بار پہنچنے کےلئے جموں وکشمیر کرکٹ ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

انہوننے کہا کہ ٹیم کی اس کامیابی کو جموں وکشمیر کے سپورٹنگ منظر نامے میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

*........اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانات۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کیرلا میں ریاستی منصوبہ بندی بورڈ کی طرف سے منعقدہ ویژن 2031 بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ جمہوری اقدار اور سکیولر ازم کو روایات کو تقویت بخشنے کےلئے تمام مذاہب اور انسانوں کا احترام کرنا

لازمی ہے۔ انہوننے کہا کہ کچھ طاقتیں اپنی مفادات کےلئے لوگوں کو تقسیم کرنے پر تلی ہوئی ہیں۔

دریں اثناءپارٹی کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے آج شالہ ٹینگ حلقے کے کارکنوں سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کی راحت رسانی کرنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی طرف سے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

صدر BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں بی جے پی مہیلا مورچہ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں تنظیمی امور کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ قوم کی تعمیر میں خواتین کے رول کو اُجاگر کیا گیا۔

اس موقعے پر بی جے پی مہیلا مورچہ کی صدر ایڈوکیٹ نیہا مہاجن بھی موجود تھیں۔

دریں اثناءست شرما کی موجودگی میں سابقہ فوجی ودھیا ساگر اور اسکے حماتیوں نے جموں میں بی جے پی میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقعے پر پارٹی کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہو ترا اور کئی دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

اس موقعے پر بی جے پی جمونو کشمیر کے ترجمان بلبیر رام رتن نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس اور دیگر سیاسی پارٹیوں کو جمونو کشمیر کا سٹیٹ ہُڈ بحال کرنے سے متعلق مرکزی سرکار کی بار بار کی یقین دہانیوں پر اعتماد ہونا چاہئے۔

کھٹانہ

ممبر پارلیمنٹ اور بی جے پی کے سینئر لیڈر غلام علی کھٹانہ نے اُتر پردیش میں اپنے MPLAD خرچ کرنے سے متعلق الزامات کو رد کر تے ہوئے کہا ہے کہ یہ رقومات پورے قوم کی ہیں اور یہ کسی سیاسی حدود تک محدود نہیں ہے۔

انہوننے کہا کہ انہوننے اپنی پوری زندگی قبائلی طبقے کی بہبود ی کےلئے وقف کی ہے۔

JDU

جنتا دل یونائٹیڈ جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے آج ایک پریس کانفرنس کے دوران ریلوے کے مرکزی وزیر سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ دلی اور سرینگر کے درمیان براہ راست ریل سروس جلد از جلد شروع کریں ۔ انہوں نے کہاکہ یہ سروس شروع کرنے سے جموں کشمیر کی اقتصادی ترقی ممکن ہوگی اور عام لوگونکے ساتھ ساتھ سیاحوں کو بھی کافی فائدہ ملے گا ۔

**سیف الدین**

**سینئر کانگریس لیڈر اور سابق مرکزی وزیر سیف الدین سوز نے جموں کشمیر کے ایک معروفArchitect منیر احمد خان کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔**

**نشہ مکت بھارت ابھیان**

**نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔**

**مطالبہ**

**عوامی حلقوں نے منشیات کے کاروبار کے خلاف پولیس، نارکوٹِکس بیورو اور دیگر متعلقہ ایجنسیوں کی کارروائیوں کی سراہنا کی ہے۔ تاہم لوگوں نے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی اہمیت کے مقامات خصوصاً تعلیمی اداروں ، پبلک پارکوں ، تفریحی مقامات ، اسپتالوں ، چھوٹی بڑی گاڑیوں کے سٹینڈس ، چوراہوں وغیرہ پر تلاشی کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جانی چاہئے، تاکہ ڈرگ سمگلروں کے نیٹ ورک کو ختم کیا جاسکے۔**

**GMCاننت ناگ**

**گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ جموں کشمیرمیں حال ہی میں قائم کئے گئے نئے میڈیکل کالجونمیں پہلا ایسا میڈیکل کالج بن گیاہے جس نے کاڈیولاجی کے شعبے میں سپر شپیلٹی کورس DNB شروع کیا ہے۔نیشنل بورڈ آف ایگزامنیشنز نے کالج کے کاڈیولاجی شعبے کیلئے تین کاڈیولاجی سیٹوں کی منظوری دی ہے ۔**

**وزیر صحت سکینہ ایتو نے اس حصولیابی کیلئے کالج کی انتظامیہ ، فیکلٹی اور عملے کومبارکباد دی ہے۔**

**CSIR**

**سرینگر شاخ کی طرف سے ڈرگ ڈسکوری اینڈ بائیومیڈیکل ریسرچ سے متعلق منعقد CSIR-IIIM ہ تین روزہ سکل ڈیولپمنٹ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔**

**ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد نے یہ فائدہ بخش ورکشاپ منعقد کرنے کےلئے منتظمین اور شرکاءکو مبارکباد دی۔**

**فیسٹول**

بھارتی فوج کے فائر اینڈ Fury کور میں آج دراس لداخ میں سنگمِ سُر موضوع کے تحت ایک کلچرل اور میوزیکل فیسٹول کا انعقاد کیا ہے۔

**کرکٹ**

عالمی کپ کرکٹ کے ایک میچ میں اس وقت احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں بھارت T-20 کا مقابلہ Netherland سے ہو رہا ہے۔

بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا اور آخری اطلاعات ملنے تک اُس نے7 اورس میں 56 رنز اسکور کئے تھے۔

اس سے پہلے ایک اہم میچ میں پاکستان نے نمیبیا کو102 رنوں سے شکست دی۔

**رمضان اطلاع**

ہجری کلینڈر 1447 ہجری کے ماہ رمضان المبارک کا چاند نظر آگیا ہے۔ اس طرح کل یعنی جمعرات کو پہلا روزہ ہو گا۔ اس بات کی جانکاری مفتی اعظم جمونو کشمیر مفتی ناصر الاسلام نے دی ہے

**موسم**

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت18 اعشاریہ5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت1 اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت22اعشاریہ1ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر12منٹ اور

غروب آفتاب شام6 بجکر18منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ۔